الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ21مئی 2022

الیکشن کمیشن آ ف پاکستان نے درج ذیل سیاسی پارٹیوں کوانٹرا پارٹی الیکشن نہ کروانے اور الیکشنزایکٹ کی دفعات 209اور 210 کی خلاف ورزی پر زیر دفعہ 215(4) کے تحت شو کاز نوٹس جاری کر دیئے ہیں کہ کیوں نہ ان پارٹیوں کو انتخابی نشان کے حصول کے لئے نااہل قرار دیا جائے ۔

1- پاکستان کسان اتحاد( چوہدری انور)
2- پاکستان تحریک انصاف (گلیلائی )
3- پاکستان قومی یکجہتی پارٹی
4- محب وطن نوجوان انقلاب کی انجمن
5- متحدہ علماء مشائخ کونسل آف پاکستان
6- پاکستان امن پارٹی
7- سنی اتحاد کونسل
8- سنی تحریک
9- عام آدمی تحریک پاکستان
10- آل پاکستان تحریک
11- پاکستان ہیومن رائٹس پارٹی

مزید پاکستان مسلم لیگ (ن) کی انٹراپارٹی الیکشن کروانے کی مقررہ تاریخ 13مارچ 2022تھی اور پارٹی کی درخواست پراسے الیکشن کمیشن کی طرف سے 14مئی 2022 کوانٹراپارٹی الیکشن کروانے کی آخری تاریخ دی گئی تھی اور اس نے الیکشنز ایکٹ کی دفعہ 209(1) کے تحت آج مورخہ 21مئی 2022 کو الیکشن کمیشن کو سرٹیفکیٹ مہیا کرناتھا کہ انٹراپارٹی الیکشن ہوگئے ہیں ۔مذکورہ پارٹی نے الیکشن کمیشن کو انٹراپارٹی الیکشن کروانے کا سرٹیفکیٹ مہیانہیں کیا۔الیکشن کمیشن آ ف پاکستان نے پارٹی سربراہ کوالیکشن نہ کروانے پر شوکاز نوٹس جاری کیا ہے کہ کیوں نہ پارٹی نشان کےحصول کےلئے پارٹی کو نااہل قرار دیا جائے ۔



اسی طرح درج ذیل سیاسی جماعتوں کو انٹرا پارٹی الیکشن کروانے کے لئے فائنل نوٹس جاری کئے گئے ہیں کہ وہ مقررہ میعاد کے اندر اپنے انٹراپارٹی الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنائیں ۔

| سلسلہ نمبر | سیاسی پارٹی کا نام | الیکشن کروانے کی تاریخ |
|---|---|---|
| 1 | عام لوگ اتحاد | 23-08-2022 |
| 2 | پاکستان عوامی راج | 26-06-2022 |

| | | |
|---|---|---|
| 3 | پاکستان نیشنل مسلم لیگ | 06-06-2022 |
| 4 | پیپلزمومنٹ آف پاکستان | 04-08-2022 |
| 5 | تحریک درویشاں پاکستان | 15-07-2022 |
| 6 | پاکستان سنی تحریک | 22-05-2022 |

مزیدپاکستان تحریک انصاف کی انٹرا پارٹی الیکشن کروانے کی مقررہ تاریخ 13جون 2021 تھی ۔ پارٹی کی درخواست پر اسے 13 جون 2022 تک کا ٹائم دیا گیاہے ۔ الیکشن کمیشن نے مذکورہ بالا تمام پارٹی سربراہان کو بھی فائنل نوٹس جاری کیا ہے کہ ان تمام پارٹیوں کو مزید انٹراپارٹی الیکشن کروانے کےلئےمزید وقت نہیں دیا جائے گا۔